# تفصیلی ہدایات وشرائط برائے جھینگا(شرمپ)فارمنگ

وزیر اعظم پاکستان کے اقدام برائے زرعی ایمرجنسی پروگرام کے تحت محکمہ ماہی پروری حکومت پنجاب نے جھینگا(شرمپ)فارمنگ کے فروغ کے لئے مالی امدادی پیکیج کا حامل ایک ترقیاتی منصوبہ "Pilot Shrimp Farming Cluster Development Project" شروع کیا ہے۔ جس کے تحت امسال(22-2021) پنجاب بھر میں 1200 ایکڑ پر شرمپ فارم کی تعمیر کیلئے مالی امداد دی جائے گی۔ ہر درخواست دہندہ کو 10 ایکڑ نمکین و کھارے پانی کی حامل زمین (جس کے زیرزمین پانی کی نمکینی کم از کم 3PPT ہو) پر جھینگا فارم کی تعمیر کیلئے مبلغ ایک لاکھ بیس ہزار روپے(Rs. 1,20,000/-)فی ایکڑ کے حساب سے گورنمنٹ کی جانب سے سبسڈی مہیا کی جائے گی۔ جس سے زیرزمین نمکین پانی کی حامل زمینوں کے بہترین استعمال کے ساتھ ساتھ زرعی آمدنی میں خاطر خواہ اضافہ ہو گا۔

1. درخواست دہندہ صوبہ پنجاب کا سکونتی ہو اور خود مجوزہ جھینگا(شرمپ)فارم کی زمین کا مالک ہو یا اس کے پاس کم از کم پانچ(5) سال کا قابل عمل لیز ایگریمنٹ ہو۔
2. درخواست دہندہ کم از کم تین(3) سالہ فش فارمنگ کا تجربہ رکھتا ہو جس کا سرٹیفکیٹ متعلقہ ضلع کا اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز جاری کرے گا اور اس کی تصدیق ڈپٹی ڈائریکٹر فشریز متعلقہ ڈویژن کرے گا **یا** اس نے محکمہ ماہی پروری پنجاب یا فشریز ڈویلپمنٹ بورڈ اسلام آباد سے دو ہفتے کی شرمپ کلچر کی ٹریننگ حاصل کی ہو یا کامیاب درخواست دہندہ سبسڈی کی ادائیگی / وصولی سے پہلے محکمہ ماہی پروری پنجاب یا فشریز ڈویلپمنٹ بورڈ اسلام آباد سے دو ہفتے کی شرمپ کلچر کی ٹریننگ حاصل کرنے کا پابند ہو گا۔
3. درخواست دہندہ کسی قسم کا سرکاری نادہندہ نہ ہو۔
4. **دلچسپی** رکھنے والے حضرات درخواست کے ہمراہ **مبلغ -/5000 روپے فی ایکڑ** کے حساب سے بنام اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز (متعلقہ ضلع) CDR/Bank Draft/Pay Order بطور سیکیورٹی جمع کروائیں گے جو کہ ناکام درخواست دہندہ کو تحریری درخواست پر واپس کر دی جائے گی جبکہ کامیاب امیدواروں کی رقم بطور سیکیورٹی محکمہ کے پاس جمع رہے گی جو کہ کامیاب فارمر کو دوسری فصل حاصل ہونے کے بعد واپس کر دی جائے گی۔
5. درخواستیں زیادہ ہونے کی صورت میں مالی امداد بذریعہ قرعہ اندازی شرمپ فارمرز کو مہیا کی جائے گی۔
6. درج ذیل دستاویزات درخواست کے ساتھ لف ہونا ضروری ہیں۔

i. درخواست دہندہ کی تصدیق شدہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی اور 1 عدد پاسپورٹ سائز تصویر۔

ii. درخواست دہندہ کے فارم کی زمین کی ملکیتی فرد جمع بندی (اصل کاپی) یا متعلقہ زمین کی کم از کم پانچ سالہ قابل عمل لیز ایگریمنٹ کی تصدیق شدہ کاپی۔

iii. متعلقہ فارم کے پانی میں نمکینی کی مقدار (کم از کم 3 پی پی ٹی) کا ثبوت جو کہ محکمہ فشریز کی کسی بھی لیبارٹری سے حاصل کردہ ہو۔

iv. فارمر کا تین(3) سالہ فش فارمنگ کا تجربہ **یا** اس نے محکمہ ماہی پروری پنجاب یا فشریز ڈویلپمنٹ بورڈ اسلام آباد سے دو ہفتے کا شرمپ فارمنگ کا تربیتی کورس کا سرٹیفکیٹ **یا** کامیاب درخواست دہندہ سبسڈی کی ادائیگی / وصولی سے پہلے محکمہ ماہی پروری پنجاب یا فشریز ڈویلپمنٹ بورڈ اسلام آباد سے دو ہفتے کی شرمپ کلچر کی ٹریننگ حاصل کرنے کا پابند ہو گا جو کہ درخواست دہندہ 50 روپے کی اشٹام پیپر پر لکھ کر دے گا۔

7. نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد وصول ہونے والی درخواستوں کو زیر غور نہیں لایا جائے گا۔
8. دیگر / تفصیلی شرائط اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز متعلقہ ضلع یا ڈپٹی ڈائریکٹر فشریز متعلقہ ڈویژن کے دفاتر سے معلوم کر سکتے ہیں یا محکمہ ماہی پروری پنجاب کی ویب سائٹ **www.punjabfisheries.gov.pk** سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔
9. درخواستیں متعلقہ ضلع کے **اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز** (جہاں شرمپ فارم بنانا درکار ہے) کے دفتر میں مورخہ **20 نومبر 2021** تک جمع کروانی ہونگی جو کہ بعد از چھان بین بوساطت ڈپٹی ڈائریکٹر فشریز (متعلقہ ڈویژن) پروجیکٹ ڈائریکٹر، لاہور کو بھیج دی جائیں گی، جہاں درخواستیں زیر غور لائی جائیں گی۔
10. درخواست دہندہ شرمپ فارمنگ کے متعلق ہر طرح کی معلومات محکمہ کو مہیا کرنے کا پابند ہو گا۔
11. درخواست دہندہ محکمہ ماہی پروری سے مجوزہ مالی امداد (مبلغ -/1,20,000 فی ایکڑ) سے زیادہ کا مطالبہ نہیں کرے گا۔
12. درخواست دہندہ منصوبہ کے تحت بنائی گئی تمام کمیٹیوں، ڈائریکٹر جنرل فشریز پنجاب یا ان کے نامزد کردہ افسران کے فیصلوں پر عمل درآمد کا پابند ہو گا اور ان کے فیصلے کو کسی عدالت میں چیلنج نہیں کر سکے گا۔

Scanned by CamScanner

13. سبسڈی جاری ہونے سے پہلے کسی بھی کوائف کے غلط ثابت ہونے پر درخواست کے ساتھ جمع کی گئی سیکیورٹی بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی اور اس کی درخواست خارج کر دی جائے گی۔ اور سبسڈی جاری ہونے کے بعد اگر کوئی کوائف غلط ثابت ہوئے تو فارمر سے سبسڈی کی رقم واپس لے لی جائے گی اور اس کے حصے کی جمع شدہ رقم بھی ضبط کر لی جائے گی۔

14. کامیاب درخواست دہندگان کو مالی امداد لینے سے پہلے ایک تحریری معاہدہ نامہ بر اشٹام پیپر دستخط کرنا ہوگا جس میں تمام ضروری شرائط معاہدہ درج ہوں گی۔

15. فارمر کسی بھی سرکاری محکمے کا ڈیفالٹر / بلیک لسٹ / نادہندہ قرار نہ دیا گیا ہو۔

16. کامیاب درخواست دہندگان کی لسٹ محکمہ کی ویب سائٹ **www.punjabfisheries.gov.pk** پر اپ لوڈ کر دی جائے گی۔

17. شرمپ فارم محکمہ کے منظور کردہ ڈیزائن کے مطابق بنانا ہوگا۔ جو کہ تالابوں کی کھدائی، ٹیوب ویل پانی کی سپلائی، پانی کی نکاسی کا نظام اور فارم پر سٹور / چوکیدار ہٹ کی تعمیر پر مشتمل ہوگا۔

18. آلاٹ شدہ درخواست دہندہ نے بعد از منظوری محکمہ فشریز پنجاب، یا فشریز ڈویلپمنٹ بورڈ اسلام آباد کی 15 یوم کی ٹریننگ (جس کا پہلے فش فارم کا تجربہ نہ ہوا) کرنا لازمی ہوگی۔ نیز وقتاً فوقتاً ریفریشر ٹریننگ کا ہر فارمر پابند رہے گا۔

19. فارمر نیا فارم بنانے کا پابند ہوگا۔ پہلے سے بنے فش فارم پر سبسڈی نہیں دی جائے گی۔ اس ضمن میں محکمہ سبسڈی کی حتمی منظوری سے پہلے فارمر کی منتخب کردہ زمین کا دورہ کرے گا۔ اس کے **GPS Coordinate** لے گا اور تصویر بنائے گا اور زمین کا ریکارڈ چیک کرے گا۔

20. محکمہ سے حتمی منظوری کے بعد ہر فارمر تالابوں کی کھدائی بمطابق منظور شدہ ڈرائنگ اپنے خرچے پر کرے گا اور کھدائی مکمل ہونے پر محکمہ کی کمیٹی کی منظوری کے بعد 50 فیصد سبسڈی وصول کرے گا۔

21. اسی طرح بقیہ کام، واٹر سپلائی، نکاسی آب اور سٹور وغیرہ کے مکمل کرنے پر سبسڈی کا بقیہ 50 فیصد بعد از منظوری محکمہ حاصل کرے گا۔

22. فارم کے بقیہ تمام اخراجات یعنی سیڈ، فیڈ، لیبر، پکڑائی، مارکیٹنگ وغیرہ فارمر خود برداشت کرے گا۔

23. محکمہ ہمہ وقت فارم کا معائنہ کرتا رہے گا اور فارمر محکمہ کی ہدایات پر عمل پیرا رہے گا۔

24. شرمپ فارمر فارم کے متعلق تمام معلومات محکمہ کو دینے کا پابند ہوگا۔

25. ہر فارمر سبسڈی حاصل کرنے کے بعد کم از کم تین فصل شرمپ کلچر کرنے کا پابند رہے گا۔ شرمپ کا سیڈ نہ ملنے کی صورت میں محکمہ کی منظور کردہ کھارے پانی میں پل سکنے والی مچھلی کی کاشت کی اجازت دی جائے گی۔

**نوٹ: ایک فارمر شرمپ کلچر کیلئے صرف ایک سبسڈی حاصل کرنے کا حامل ہوگا۔ مزید یہ کہ محکمہ بغیر وجہ بتائے مالی امداد کسی بھی وقت منقطع کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔**

**ملک محمد رمضان پروجیکٹ ڈائریکٹر، A-9 بہاولپور روڈ، چوبرجی، لاہور**

Scanned by CamScanner